**Nafees / Sadiq**

**24-06-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں.......................

**Music**

\-------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور سے، دہشت گردی کو ہرگز برداشت نہ کرنے کی بھارت کی پالیسی کے بارے میں عالمی سطح پر سخت پیغام پہنچا ہے۔ انھوں نے آج نئی دلی میں سری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی کے درمیان بات چیت کی صد سالہ تقریب میں شرکت کی۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ بندی اب لاگو ہوگئی ہے۔ انھوں نے دونوں ملکوں سے کہا ہے کہ وہ اسے برقرار رکھیں۔

☆ وزارت دفاع نے، دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق بھارتی فوج کی کارروائی کی صلاحیت کو مزید مستحکم بنانے کے لئے دو ہزار کروڑ روپے مالیت کے 13 سمجھوتوں کو منظوری دی ہے ۔

☆ اور ٹیسٹ کرکٹ میں...... انگلینڈ آج دوپہر لیڈز میں بھارت کے خلاف اپنی دوسری اننگز میں، اپنے کل کے اسکور، بغیر کسی نقصان کے 21 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

\-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM - Centenary Celebration**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ سری نارائن گرو کے اقدار پوری انسانیت کے لئے ایک عظیم خزانہ ہیں۔ انھوں نے اس قابل احترام سماجی مصلح کو اُن لوگوں کے لئے مشعل راہ قرار دیا جو ملک اور سماج کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وزیراعظم آج نئی دلی میں، بھارت کے دو عظیم ترین روحانی اور اخلاقی پیشواؤں سری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی کے درمیان کی گئی تاریخی بات چیت کی صد سالہ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ اِن دونوں شخصیتوں کے درمیان سو سال پہلے Sivgiri مٹھ میں کی گئی بات چیت سے آزادی کی تحریک کو نئی سمت ملی اور اس سے آج بھی وکست بھارت کی جانب بھارت کے سفر کو تحریک مل رہی ہے۔

*1400- PM MODi on Viksit Bharat*

وزیراعظم نے گرو سے جو ذاتی تحریک حاصل کی ہے، اس کے بارے میں انھوں نے کہا کہ انھیں جب کبھی سماج کے دبے کچلے اور محروم طبقوں کے بارے میں کوئی بڑا فیصلہ کرنا ہوتا ہے تو گرو دیو کو یاد کرتے ہیں۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ 100 سال پہلے جب لوگوں کو سماجی برائیوں کے خلاف بولتے ہوئے ڈر لگتا تھا، تو سری نارائن گرو سچائی، خدمت اور ہم آہنگی و مساوات کے پختہ یقین کے ساتھ اُٹھ کھڑے ہوئے۔ جناب مودی نے کہا کہ یہ جذبہ سب کا ساتھ، سب کا وکاس کے راستے پر قوم کی رہنمائی کررہا ہے۔

*1400- PM Modi on  Sab ka sath, Sab ka vikas*

وزیراعظم نے خاص طور پر کہا کہ سری نارائن گرو کی تعلیمات یوگ اور ویدانت سے وابستہ ہیں، لیکن ان کا عقیدہ یہ بھی تھا کہ روحانی ترقی، سماجی اصلاح کے ساتھ ساتھ ہونی چاہیۓ۔ جناب مودی نے کہا کہ گرو نے روحانیت کو عوام کی فلاح کے لئے ایک اوزار کے طور پر استعمال کیا، جو ایک ایسی خاصیت تھی، جس کی مہاتما گاندھی اور رویندر ناتھ ٹیگور دونوں نے ہی تعریف کی اور اس سے تحریک حاصل کی۔
سب کی شمولیت والی ترقی کے تئیں حکومت کے عزم کو اجاگر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت لاکھوں غریب، دلت اور پسماندہ کنبوں کو ایسے مستقل مکانات فراہم کئے گئے، جن میں سبھی بنیادی سہولیات مہیا ہیں۔

*1400- PM- Modi on PM Awas*

سری نارائن گرو اور مہاتما گاندھی کے درمیان گفتگو، **Sivgiri** مٹھ کے مہاتما گاندھی کے دورے میں **12** مارچ **1925** کو کی ہوئی تھی۔اس بات چیت میں **Vaikom** ستیہ گرہ، مذہبی گفت و شنید، عدم تشدد، چھوت چھات، نجات اور پسماندہ لوگوں کی زندگی میں بہتری جیسے اہم موضوعات شامل کئے گئے تھے۔x

**Israel Ceasefire**

اسرائیل نے ایران کے ساتھ جنگ بندی کے لیے امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی تجویز سے اتفاق کرلیا ہے۔ وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کے دفتر سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کے نیوکلیائی اور بیلسٹک میزائل خطرے کوختم کرنے کے ہدف کو حاصل کرنے کے بعد جنگ بندی سے اتفاق کیا ہے۔ بیان میں ایران کے نیوکلیائی خطرے کوختم کرنے میں شامل ہونے اور مدد کے لیے امریکہ کا بھی شکریہ ادا کیا گیا ہے۔ نیتن یاہو نے یہ بھی کہا کہ جنگ بندی کی مخالفت کی صورت میں اسرائیل سخت جواب دے گا۔ اس سے قبل آج صدر ٹرمپ نے کہا تھا کہ اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ بندی ہوگئی ہے اور انھوں نے دونوں ملکوں سے کہا ہے کہ وہ اس کی خلاف ورزی نہ کریں۔x

**Operation Sindhu**

مغربی ایشیاء میں تنازع سے متاثرہ علاقوں میں بڑھتی کشیدگی کے دوران آپریشن سِندھو کے تحت اب تک **2** ہزار **295** بھارتی شہریوں کو ایران سے واپس لایا جاچکا ہے۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ آج صبح سویرے ایک خصوصی پرواز کے ذریعہ ایران کے شہرمشہد سے **292** بھارتی شہری نئی دلّی پہنچے۔ بھارتی فضائیہ نے کہا کہ وہ ضرورت کے وقت ملک اور دنیا بھر میں مدد فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ بھارتی فضائیہ کا طیارہ **C-17** آپریشن سندھو کے تحت اسرائیل سے **165** بھارتی شہریوں کو لے کر پہنچا ہے۔ یہ طیارہ آج صبح اردن کی راجدھانی عمان سے نئی دلّی پہنچا۔ قومی راجدھانی دلّی پہنچنے پر اطلاعات ونشریات نیز پارلیمانی امور کے وزیرمملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے اُن کا استقبال کیا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب مروگن نے کہا کہ یہ مسافر **22** الگ الگ ریاستوں کے ہیں اور یہ اپنے ملک واپس آکر بہت خوش ہیں۔

***Byte- Murugan***

**161** بھارتی باشندوں پرمشتمل ایک اورگروپ آج اسرائیل سے نئی دلّی پہنچا ہے۔ یہ گروپ عمان سے آج صبح قومی راجدھانی پہنچا ہے۔
میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب مارگریٹا نے کہا کہ حکومت ایران اور اسرائیل میں مقیم بھارتی باشندوں سے مسلسل رابطے میں ہے اور دونوں‌ملکوں میں رہ رہے بھارتی باشندوں کو ہر طرح کی مدد فراہم کرنے کے لیے پابند عہد ہے۔

***Byte- Margherita***

اسرائیل میں سری لنکا کے سفیر **Nimal Bandara** نے کہا کہ بھارت سرکار کے ذریعہ چلائی جانے والی خصوصی پرواز میں سفر کرنے کیلئے اسرائیل میں مقیم سری لنکا کے **17** شہریوں نے اپنا اندراج کرایا ہے۔ سری لنکا کے باشندے کل اُردن کے عمان بین الاقوامی ہوائی اڈے سے نئی دلّی کیلئے روانہ ہوں گے۔x

**Defence- Emengency**

وزارت دفاع نے دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق کارروائیوں میں بھارتی فوج کی تیاری کو مستحکم کرنے کے لئے ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے 13 ٹھیکوں کو منظوری دی ہے۔ یہ منظوری فوجی سامان کی ہنگامی خرید کے نظام کے تحت دی گئی ہے۔ یہ ٹھیکے ایک ہزار 981 کروڑ روپے کی مالیت کے ہیں اور انھیں بھارتی فوج کے لئے دو ہزار کروڑ روپے کے مجموعی اخراجات کی منظوری کے تحت حتمی شکل دی گئی ہے۔ خریدے جانے والے سامان میں ڈرون کا پتہ لگانے والے مربوط نظام، بُلٹ پروف جیکٹ اور رائفل کے لئے Night Sights شامل ہیں۔

وزارت نے بتایا کہ اس خریداری کا مقصد صورتحال سے متعلق بیداری میں اضافہ، دشمن کو مار گرانے کی صلاحیت، نقل و حمل اور دہشت گردی کی روک تھام کے ماحول میں تعینات فوجیوں کی حفاظت ہے۔x

**Rajnath SCO Meeting**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ شنگھائی تعاون تنظیم SCO کے وزرائے دفاع کی میٹنگ کے لیے ایک اعلیٰ سطح کے بھارتی وفد کی قیادت کریں گے۔ یہ میٹنگ چین کے Qingdao میں کَل شروع ہوگی۔ اِس دو روزہ میٹنگ کے دوران SCO ممبر ملکوں کے وزرائے دفاع علاقائی اور عالمی سیکورٹی، دہشت گرد مخالف کوششوں اور اپنی دفاع کی وزارتوں میں تعاون کو بڑھانے سمیت اہم معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

توقع ہے کہ جناب راجناتھ سنگھ SCO کے قوانین اور ضابطوں سے متعلق بھارت کے پختہ عزم کو اُجاگر کریں گے۔ وہ عالمی امن اور سلامتی کو فروغ دینے کی خاطر بھارت کے وژن کو بھی اُجاگر کریں گے اور خطے سے شدت پسندی اور دہشت گردی کو اُکھاڑ پھینکنے کے لیے مشترکہ اور مسلسل کوششوں کے لیے کہیں گے۔

اِس میٹنگ کے موقع پر وزیر دفاع چین اور روس سمیت کئی ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ باہمی بات چیت بھی کریں گے۔

شنگھائی تعاون تنظیم ایک بین حکومتی تنظیم ہے، جس کا قیام 2001 میں عمل میں آیا تھا۔ بھارت باضابطہ طور پر 2017 میں اِس کا ممبر بنا تھا۔ قزاخستان، چین، کرغستان، پاکستان، روس، تاجکستان، ازبکستان، ایران، بیلا روس اور بھارت SCO کے موجودہ ممبر ممالک ہیں۔ چین 2025 کے لیے SCO کا صدر ہے، جس کا تھیم ہے 'شنگھائی کے جذبے کو اُوپر اُٹھانا: SCO عمل میں'۔ بھارت کثیر جہتی، علاقائی سلامتی، اقتصادی تعاون اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں کو مضبوط کرنے کی خاطر SCO کو ایک پلیٹ فارم کے طور پر اہمیت دیتا رہا ہے۔

**Jai Shankar Passport**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ سیوا، سُشاسن اور غریب کلیان، حکمرانی کے تین ستون ہیں، جو وِکست بھارت کی بنیاد ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے آج 13ویں پاسپورٹ سیوا دِوس کے موقع پر اپنے پیغام میں خاص طور پر کہا کہ ملک میں عوامی خدمات کی سہولیات صارفین تک پہنچانے کے کام، خاص طور پر پاسپورٹ جاری کرنے کے نظام میں خاطر خواہ بہتری آئی ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی بتایا کہ پاسپورٹ سیوا پروگرام ورژن دوئم، ملک بھر میں شروع کیا گیا ہے، جس سے جدید ترین ٹیکنالوجیز کو فروغ حاصل ہوگا۔x

**Nirmala Trade**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ سرکار نے محصولات میں کٹوتی کرکے تجارت پر پڑنے والے بوجھ کو کم کرنے کی خاطر کئی اقدامات کیے ہیں، تا کہ مینوفیکچرنگ اور برآمدات کو بڑھاوا دیا جاسکے۔

آج نئی دلّی میں Exim Bank ٹریڈ کنکلیو 2025 سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ ملک کی مجموعی برآمدات آٹھ کھرب 25 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئیں، جو اب تک کی سب سے زیادہ ہیں۔ اِس طرح سابقہ سال کے مقابلے اِس میں 6 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران عالمی برآمدات میں محض چار فیصد کا اضافہ ہوا، لیکن بھارت کی برآمدات میں **6** اعشاریہ **3** فیصد کا اضافہ دیکھا گیا۔

آزاد تجارت کے سمجھوتوں کو حتمی شکل دینے کے لیے مختلف ملکوں کے ساتھ بات چیت کے بارے میں محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ ان معاہدوں سے مستقبل میں ملک کی برآمدات کے عوامل میں تبدیلی آجائے گی۔

*Byte- Nirmala Sitharaman*

**Niti Aagog Data Report**

نیتی آیوگ نے آج نئی دلّی میں تیسری سہ ماہی رپورٹ سیریز **Future Front** جاری کی ہے۔ اِس رپورٹ میں ڈیجیٹل حکمرانی کو مستحکم بنانے، عوامی اعتماد پیدا کرنے اور خدمات کی مؤثر فراہمی کو یقینی بنانے کی خاطر مضبوط ڈیٹا کوالٹی کی فوری ضرورت اُجاگر کی گئی ہے۔ اِس میں خراب ڈیٹا کوالٹی سے لاحق چیلنجوں کا تنقیدی جائزہ بھی لیا گیا ہے اور عملی اور استعمال میں سہل وسیلوں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

رپورٹ کے اجراء کے دوران نیتی آیوگ کے چیف ایگزیکیٹو افسر **BVR** سبرامنیم، اعداد و شمار اور پروگراموں پر عمل درآمد سے متعلق محکمے کے سکریٹری ڈاکٹر سوربھ گرگ اور نیتی آیوگ کے ممتاز فیلو **Debjani Ghosh** نے اِس بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ بھارت کس طرح اپنے ڈیٹا کے بندوبست کو اور زیادہ متحرک اور مستحکم بنا سکتا ہے۔**x**

**Cricket**

ٹسٹ کرکٹ میں...... لیڈز کے **Headingley** میں جاری اینڈرسن- تنڈولکر ٹرافی کے تحت انگلینڈ اور بھارت کے درمیان پہلے ٹیسٹ میچ میں بھارت نے انگلینڈ کے سامنے جیت کے لئے **371** رن کا نشانہ رکھا ہے۔ کل رات چوتھے دن کے کھیل کے اختتام پر انگلینڈ نے بغیر کسی وکٹ کے نقصان پر **21** رن بنالئے تھے۔ آج کھیل کے آخری دن انگلینڈ کو جیت کے لئے **350** رن جبکہ بھارت کو جیت کے لئے دس وکٹ کی ضرورت ہے، اس طرح سے یہ ٹیسٹ اب کافی دلچسپ ہوگیا ہے۔**x**

---------------------------------------